بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن بڑھانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا، اجلاس میں کوئٹہ کے ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے خودکش دھماکے کے بعد سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، شرکا نے شہدا کے درجات کی بلندی اور زخمیوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اجلاس میں کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر ہونے والے خودکش دھماکے کی ابتدائی رپورٹ پیش کی گئی، اجلاس میں دہشت گردوں کا سر کچلنے کے لیے پوری طاقت سے فیصلہ کن اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا گیا، دہشتگردوں کے ناپاک عزائم ناکام بنانے کیلئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن بڑھائے جائیں گیا وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ شہدا کے خانوادوں کے ساتھ ہیں، شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے بلوچستان حکومت سے ہر ممکن تعاون کریں گے، بلوچستان حکومت کو ترجیحی بنیاد پر ضروری وسائل کی فراہمی کا اعلان کرتا ہوں، بلوچستان پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر فورسز کی تربیت اور استعداد بڑھانے میں تعاون کریں گیاس' موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے پولیس اور لیویز کی پیشہ وارانہ استعداد بڑھانے کے اقدامات کریں گے، دہشتگردی کا مقابلہ کرنے کیلئے پولیس اور لیویز کو جدید خطوط پر استوار کریں گے، پرعزم ہیں کہ بلوچستان سے دہشتگردی کا خاتمہ کر کے دم لیں گے۔ واضح رہے کہ

گزشتہ روز کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر ہوتے والے خودکش دھماکے میں 27 افراد جاں بحق اور 40 سے زائد زخمی ہوئے تھے، خودکش بمبار سے سامان میں 7 سے 8 کلوگرام بارودی مواد چھپا رکھا تھا جو اس نے جعفر ایکسپریس کے ٹریک پر پہنچنے سے پہلے اڑا دیا۔ اور گزشتہ روز ریلوے اسٹیشن کوئٹہ میں مسافروں پر خودکش حملے کی ابتدائی رپورٹ اور مجموعی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے بلوچستان میں امن عامہ اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے اٹھائے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا دونوں رہنماؤں نے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فتح ہی پہلا اور آخری آپشن ہوگا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلیٰ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان میں امن کے لیے ہر ممکن تعاون کرے گی اور صوبے کو دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے بھرپور معاونت فراہم کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں لوگوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ کسی بھی مسرتخریبی کارروائیوں میں ملوث ہیں جن کا ہر صورت قلع قمع کیا جائے گا۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال سے متعلق مشترکہ طور پر ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، اجلاس کو ریلوے اسٹیشن کوئٹہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی ابتدائی رپورٹ پیش کی گئی اجلاس میں شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا بھی کی گئی اور ان کے خاندانوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ دہشت گردوں کا سر کچلنے کے لیے پوری طاقت سے فیصلہ کن اقدامات کیے جائیں گے اور دہشت گردوں کے ناپاک عزائم ناکام بنانے کے لیے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز کا دائرہ کار بڑھایا جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی حکومت دہشتگردی کے ناسور سے نمٹنے کے لیے بلوچستان حکومت کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گے۔ انہوں نے ترجیحی بنیادوں پر بلوچستان کو اس ضمن میں وسائل فراہم کرنے کا اعلان بھی کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کی سرکوبی کے لیے پولیس سی ٹی ڈی لیویز اور دیگر فورسز کی تربیت اور استعداد کار میں اضافے کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں گے غم کی اس گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں دہشت گردی کے خلاف صوبائی حکومت کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا وفاقی حکومت کے تعاون سے لیویز پولیس اور سی ٹی ڈی کے استعداد کار میں اضافہ کیا جائے گا اور اس کے لئے ان فورسز کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا ہمارا عزم ہے کہ ہم بلوچستان سے دہشت گردی کا خاتمہ کر کے ہی دم لیں گے وفاقی وزیر داخلہ کی بلوچستان میں امن کے لیے کاوشوں کو سراہتے ہیں اجلاس میں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شہاب علی شاہ، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات سمیت دیگر اعلیٰ حکام [illegible]

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

4

Dated: 12 NOV 2024 Page No: 23


# کراچی: چینی انجینئرز پر خودکش حملے کا ماسٹر مائنڈ بلوچستان سے گرفتار

حملے کا مرکزی ملزم جاوید سارے معاملات دیکھتا رہا، ریکی بھی کی اور ایئرپورٹ سے چینی شہریوں کے نکلنے کی اطلاع بھی اسی نے دی

دہشت گرد گل نسا، نامی خاتون کی مدد سے بارود سے بھری گاڑی شہر میں لے کر داخل ہوئے، وزیر داخلہ سندھ کی پریس کانفرنس

کراچی (م ق) وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے کہا ہے کہ کراچی ایئرپورٹ کے قریب چینی انجینئرز پر خودکش حملے کے ماسٹر مائنڈ سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا جن میں خاتون، رکشہ ڈرائیور اور بینک ملازم شامل آئی جی سندھ غلام نبی میمن کے ہمراہ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر داخلہ سندھ......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

نے کراچی ایئرپورٹ پر چینیوں کے قافلے پر خودکش حملے کے بارے میں بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ حملے میں 2 چینی انجینئرز سمیت تین افراد ہلاک جبکہ 11 زخمی ہوئے، حملے کی ذمے داری کالعدم تنظیم بی ایل اے نے قبول وزیر داخلہ سندھ نے بتایا کہ خودکش حملہ آور کا نام شاہ فہد تھا، اس نے جو نہی ہینڈ بریک کھینچا، گاڑی دھماکے سے پھٹ گئی، اس کا دھڑ اور ایک ہاتھ باقی رہا باقی جسم ختم ہوگیا، ہاتھ کے فنگر پرنٹ سے اس کی شناخت ہوئی، سی سی ٹی وی سے بھی خودکش بمبار اور دو سہولت کاروں کی پہچان ہوئی، جائے وقوعہ سے حملے میں استعمال ہونے والی گاڑی کے چیسز کا ٹکڑا بھی انہوں نے کہا کہ حملے میں استعمال ہونے والی گاڑی شوروم سے 71 لاکھ روپے میں خریدی گئی، رقم حب کے علاقے سے بینک ٹرانسفر کی گئی تھی، فیصل علی کے بینک اکاؤنٹ سے رقم منتقل ہوئی، ایکسائز ڈیٹا سے معلوم ہوا کہ فرحان اور شریف گاڑی کی خریداری میں شامل تھے، خودکش حملہ آور خود بھی گاڑی خریدنے کے لئے ساتھ گیا سندھ ضیاالحسن لنجار نے کہا کہ خودکش بمبار کے سہولت کار سامنے آئے، دہشت گردوں کی فنانسنگ میں بلال نامی بینک ملازم سمیت 2 افراد ملوث انہوں نے کہا کہ گاڑی حب سے آگے کہیں گئی جہاں اس میں بارودی مواد فٹ کیا گیا، بارودی مواد میں آر ڈی ایکس اور پینٹ نامی مواد شامل تھا، جس کا وزن 30 سے 40 کلو گرام تھا، جرمنی میں دوسری جنگ عظیم میں یہ بارودی مواد استعمال ہوا

## مسلح افراد کے حملے میں شہید ایف سی نائیک سیف اللہ کشانی سپرد خاک

ایف سی کے چاک وچوبند دستے نے سلامی دی نماز جنازہ میں سینکڑوں افراد کی شرکت

تربت (نامہ نگار) دشت کے علاقے کنڈان میں مسلح افراد کے حملے میں شہید ایف سی نائیک سیف اللہ کشانی آہوں اور سسکیوں میں آبائی قبرستان میں سپرد خاک نماز......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

جنازے میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی ایف سی کے چاک وچوبند دستے نے شہید کے جسد خاکی کو سلامی پیش کی تفصیلات کے مطابق دشت کے علاقے کنڈان میں مسلح افراد کے حملے میں ایف سی کے نائیک سیف اللہ کشانی شہید ہوگئے تھے

CamScanner

## آواران: لیویز پوسٹ پر فائرنگ، حملہ آور سرکاری اسلحہ لے کر فرار

**لیویز کے جوانوں کی گولیاں ختم ہونے پر حملہ آور 4 کلاشنکوف اور چارجی تھری چھین کر لے گئے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آواران میں مسلح افراد کا لیویز چیک پوسٹ پر حملہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد حملہ آور سرکاری اسلحہ لے کر فرار ہوگئے لیویز ذرائع کے مطابق آواران کے علاقے بور۔ میں واقع لیویز چیک پوسٹ پر جوان گزشتہ شام ڈیوٹی انجام دے رہے تھے قریبی پہاڑ سے دو درجن سے زائد مسلح افراد نے چیک پوسٹ کو گھیرے میں لے کر شدید فائرنگ شروع کردی تاہم جوانوں نے جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی کارروائی فائرنگ کا تبادلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا جس کے باعث لیویز جوانوں کی گولیاں ختم ہو گئیں حملہ آوروں نے اہلکاروں کو یرغمال بنا کر سرکاری اسلحہ چار کلاشنکوف، چار جی تھری چھین کر پہاڑی علاقے میں فرار ہوگئے اطلاع ملنے پر ایس ایچ او لیویز تھانہ مشکور اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

## اورماڑہ: سمندر میں کوسٹ گارڈ کی ٹیم پر فائرنگ، میجر سمیت تین اہلکار زخمی

**کوسٹ گارڈ کی پیٹرولنگ ٹیم معمول کے گشت پر تھی، جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اورماڑہ کے سمندر میں پاکستان کوسٹ گارڈ کی ٹیم پر گجہ ٹرالروں کا حملہ فائرنگ سے ایک افسر سمیت تین اہلکار زخمی ہوگئے جوابی کارروائی میں حملہ آور فرار ہوگئے پولیس ذرائع کے مطابق اورماڑہ کے سمندر میں اتوار اور پیر کی درمیانی شب پاکستان کوسٹ گارڈ کی پیٹرولنگ ٹیم معمول کی گشت کر رہی تھیں کہ اسی دوران سندھ کے گجہ ٹرالروں ٹیم پر حملہ کر دیا شدید فائرنگ سے پاکستان کوسٹ گارڈ کے میجر جلال خان دو سپاہی توصیف عمر اور ابرار زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر کوسٹ گارڈ اور سیکورفورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں اور ماڑہ ہسپتال پہنچایا جہاں طبی امداد کے بعد فوری طور پر کراچی منتقل کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی گجہ ٹرالر والوں نے اورماڑہ کے سمندر میں محکمہ فشریز کی کشتی ٹیم پر حملہ کردیا تھا۔

MASHRIQ QUETTA

## بھاگ میں بیشنل پارٹی کے ضلعی رہنما کو قتل کردیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بھاگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے نیشنل پارٹی کے ضلعی رہنما کو قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز بھاگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

جلال خان روڈ پر ایک شخص کو قتل کر دیا گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کی جہاں پر اس کی شناخت محمد اکبر بلوچ ہوکر نیشنل پارٹی ضلع کچھی کے سابق جنرل سیکرٹری تھے

## منشیات برآمدگی مقدمہ، جرم ثابت ہونے پر ملزمان کو قید، 8 لاکھ جرمانے کی سزا

**شفیع اللہ، عبداللطیف، یار محمد کو 2023ء میں پولیس تھانہ انڈسٹریل نے 20 کلوگرام چرس برآمد ہونے پر گرفتار کیا تھا**

کوئٹہ (آئی این پی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج III/ماڈل کریمنل کورٹ ون کوئٹہ کے جج جناب جہانزیب خان نے منشیات برآمدگی کے مقدمہ میں نامزد ملزمان کو جرم ثابت ہونے پر 20/20 سال قید اور 08/08 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنا دی ہے، عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں ملزمان کو مزید قید بھگتنا ہوگی۔ سرکار کی جانب سے مقدمہ کی پیروی ڈی ......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی محمد یاسر خان نے کی استغاثہ کے مطابق ملزمان شفیع اللہ، عبداللطیف اور یار محمد کو سال 2023ء کے دوران پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا کے اہلکاروں نے 20 کلوگرام چرس برآمد ہونے پر گرفتار کر کے مقدمہ کا چالان عدالت میں پیش کیا تھا جس کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے عدالت کے جج نے ملزمان شفیع اللہ، عبداللطیف اور یار محمد کو جرم ثابت ہونے پر 20/20 سال قید اور 08/08 لاکھ روپے فی کس جرمانہ کی سزا سنادی عدم ادائیگی کی صورت میں ملزمان کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا پڑے گی۔

INTEKHAB QUETTA

## اوستہ محمد پولیس نے دوہرے قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد پولیس نے دوہرے قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی ضلع استہ محمد محمد انور بادینی، ڈی ایس پی سرکل گل حسین بہرانی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او صدر پولیس منظور احمد جمالی نے کارروائی کرتے ہوئے ڈیڑھ ماہ قبل بیرل آباد میں گھر میں گھس کر ڈکیتی کے دوران فائرنگ کر کے 2 معصوم بچوں کو قتل اور ایک شخص کو زخمی کیا تھا واقعہ کے مرکزی ملزم حفیظ کو گرفتار کر کے پولیس نے کارروائی شروع کردی۔

## تمپ کے علاقے سے بم برآمد

تمپ (نامہ نگار) تمپ کے علاقہ ملانٹ میں ایک آئی ای ڈی بم برآمد ہوا ہے، جسے ناکارہ بنانے کے لئے بم ڈسپوزل ٹیم کو طلب کرلیا گیا۔

## خضدار میں مسلح راہزن گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے

خضدار (آن لائن) خضدار میں چوری ڈکیتی جاری مسلح رہزن گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ واقع بالینہ کھنان میں پیش آیا۔ خضدار میں آئے روز پیش آنے والے وارداتوں کی وجہ تمام مکاتب فکر کے لوگ عدم تحفظ اور بے چینی کا شکار ہیں اندورنی شہر رہزنی روز کا معمول بن چکا ہے، خضدار کے شہری رہزنی کی بڑھتی ہوئی بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

وارداتوں کے باعث خود کو غیر محفوظ تصور کرنے لگے ہیں۔

Baakhabar Quetta

## کوئٹہ کے ہدہ جیل میں ڈرون کیمرے اور غلیل کے ذریعے منشیات کی اسمگلنگ جاری

**رات کے اوقات میں ڈرون کیمرے اڑا کر یا منشیات جس میں آئس، ہیروئن، چرس و دیگر قیدیوں کو فراہم کیا جاتا ہے**

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے ہدہ جیل میں ڈرون کیمرے اور غلیل کے ذریعے منشیات کی اسمگلنگ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں واقع ہدہ جیل میں قیدیوں کو ڈرون کیمرے اور غلیل کے ذریعے منشیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، رات کے اوقات میں ڈرون کیمرے اڑا کر یا غلیل کے ذریعے منشیات جس میں آئس، ہیروئن، چرس و دیگر قیدیوں کو فراہم کیا جاتا ہے۔ ذرائع کے مطابق جیل میں واقع کینٹین سے قیدیوں کو منشیات فراہم کی جاتی ہے منشیات کیلئے رقوم کی ادائیگی ایزی پیسہ یا جیز کیش کے ذریعے منشیات فروشوں کو دی جاتی ہے، ذرائع کے مطابق قیدی جیل میں موبائل فونز کے ذریعے اپنے گھر والوں کو رقوم ایزی پیسہ کے ذریعے بھیجنے کا کہتے ہیں اور پھر مذکورہ قیدی انہی پیسوں کے ذریعے کینٹین میں منشیات حاصل کرکے استعمال کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ہدہ جیل میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال سے دیگر قیدیوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے ذرائع کے مطابق مذکورہ تمام تر کارروائی میں پولیس اہلکار بھی ملوث ہیں جو منشیات مذکورہ منشیات فروش تک پہنچاتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے جیل میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکام بالا مذکورہ مسئلے پر خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے جیل میں قید قیدی منشیات کی لعنت میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ اگر مسئلے کا حل نہ نکالا گیا تو قیدی سدھرنے کی بجائے مزید جرائم کے شکار ہوں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

اعلیٰ تعلقات عامه
ومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 12 NOV 2024

Page

# بھاگ: نیشنل پارٹی کے رہنما اکبر بلوچ فائرنگ سے جاں بحق، قاتلوں کو گرفتار کیا جائے

مالک بلوچ

**واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پارٹی رہنماء وکارکنان اسپتال پہنچ گئے، مقتول محکمہ تعلیم کے آفیسر بھی تھے، مزید تفتیش شروع کردی گئی**

**دن دیہاڑے سیاسی کارکنوں کو نشانہ بنانا اور ملزمان کا آزاد گھومنا انتظامیہ کی نااہلی ہے، سابق وزیراعلیٰ، صوبائی ترجمان کی بھی مذمت**

بھاگ، کوئٹہ (نامہ نگار، انتخاب نیوز) بھاگ کے قریب جلال خان روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے معروف ایجوکیشن آفیسر ونیشنل پارٹی کے سینئر رہنما محمد اکبر بلوچ شہید ہوگئے۔ واقعہ کا سنتے ہی معروف قبائلی شخصیت سردارزادہ بابو شیر دل خان مغیری نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر وڈیرہ بشیر خان جھلگری وفا مراد سومرو سمیت عوام کا جم غفیر سول ہسپتال بھاگ میں امڈ آیا واقعہ کی مزید تفتیش بھاگ پولیس کررہی ہے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نیشنل پارٹی کچھی کے سابق جنرل سیکرٹری اکبر بلوچ کو قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دن دہاڑے سیاسی کارکن کو گولیوں کا نشانہ بنانا اور

بقیہ نمبر 14 صفحہ 5 پر

قاتلوں کا آزاد گھومنا انتظامیہ کی نااہلی کی انتہا ہے۔ شہید رہنما کے قاتلوں کی فوری گرفتاری کو یقینی بنایا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ اکبر بلوچ پارٹی کے انتہائی کمٹڈ اور فکری ساتھی ہے۔ جنھوں نے زمانہ طالب علمی سے بلوچ قومی جدوجہد سے منسلک رہے اور آخر دم تک وہ قومی سیاست کے ساتھ مضبوطی سے وابستہ رہے۔ نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی گزشتہ روز پارٹی کے فکری ونظریاتی سیاسی رہنما شہید اکبر بلوچ کی المناک شہادت کو بھاگ سمیت بلوچستان بھر کہ سیاسی کارکنوں کے لئے انتہائی افسوس ناک قرار دیتی ہے شہید اکبر بلوچ قومی جہد میں ایک سچے سپاہی کی مانند تھے جو ہمیشہ اپنے نظریات پر عمل پیرا رہے قبائلی سماج میں رہتے ہوئے ہمیشہ امن اور سلامتی کی بات کی ان کی طویل سیاسی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نیشنل پارٹی ان کہ اہل خانہ کہ ساتھ دکھ اور افسوس کا اظہار کرتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 2
Dated: 12 NOV 2024 Page No. 19

# سیکورٹی کی صورتحال کے پیش نظر کیوک ریسپانس ٹیم قائم کی جائیگی ڈی سی چمن

امن وامان کے قیام کیلئے شہر میں فلیگ مارچ کیا جائے گا، کہ چمن ایجوکیشنل فیسٹیول منسوخ کر دیا ہے، حبیب احمد بنگلزئی

**تمام ادارے عوام کو درپیش مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے اپنی خدمات اور فرائض کی ادائیگی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں، خطاب**

چمن (خ ن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد کیا گیا اجلاس میں اے ڈی سی چمن محمد حنیف کاکڑ ضلعی انتظامیہ، ڈی آئی سی سی کے اعلیٰ حکام اور نمائندے شریک تھے اجلاس میں ڈی سی چمن کو پوری ضلع چمن میں امن وامان بارڈر کی صورتحال سیکیورٹی کی انتظامات اور مختلف ایشوز سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ امن وامان کی صورتحال خراب صورت میں ایک کیوک ریسپانس ٹیم قائم کی جائے گی اور امن وامان کے قیام کیلئے شہر میں فلیگ مارچ کیا جائے گا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چمن ایجوکیشنل فیسٹیول کی انعقاد کو کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر بم بلاسٹ ہونے کے بعد منسوخ کرکے فیسٹیول 19، 20 اور 21 نومبر کو منعقد کیا جائے گا اور اجلاس میں اور آل فیصلہ کیا گیا کہ انتظامیہ اور تمام سیکیورٹی فورسز امن و امان کی قیام کیلئے قانون نافذ کرنیوالے تمام ادارے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور تمام معاملات آپس میں شیئر کریں گے ڈی سی چمن اور دیگر اعلیٰ حکام نے چمن میں سیکیورٹی کی صورتحال اور پوری ضلع چمن کی مجموعی صورتحال کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ تمام ادارے عوام کو درپیش مسائل اور مشکلات کی حل اور عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے خدمات اور فرائض کی ادائیگی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ اجلاس میں عوام کو ہر قسم کی مطلوبہ سہولیات بہم پہنچانا اور امن وامان کی قیام کو برقرار رکھنے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔

AZADI QUETTA

سیکورٹی صورتحال

# بلوچستان سے دیگر صوبوں کو کوئلہ سپلائی بند کر دیا گیا

بلوچستان میں آئے روز ٹرکوں کو نذر آتش کیا جا رہا ہے لیکن حکومت کی جانب سے کوئی نوٹس نہیں لیا گیا جس کے خلاف 14 نومبر کو قومی شاہراہوں کو بند کر دیں گے

**پورے صوبے میں مکمل پہیہ جام ہڑتال کے حوالے سے تاجر برادری، زمینداروں، ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز کے نمائندوں کو اعتماد میں لیں گے، ٹرانسپورٹرز**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آئے روز ٹرکوں کو نذر آتش کیا جا رہا ہے لیکن حکومت کی جانب سے کوئی نوٹس نہیں لیا گیا جس کے خلاف 14 نومبر کو قومی شاہراہ این 70 اور این (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 2 پر)

50 کو ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے بند کر کے احتجاج کریں گے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی اس موقع پر حاجی حاجی عبدالباقی کاکڑ، حاجی محمد رضا، حاجی عبدالجبار، محمد شفیق، محمد یونس، حاجی نور اللہ اچکزئی، حاجی ظاہر شاہ، بابو رئیسانی اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عرصے سے بلوچستان میں بدامنی کا سلسلہ شروع ہوا ہے خاص کر قومی شاہراہوں پر لوٹ مار، ڈکیتی اور معدنیات والے لوڈ ٹرکوں کو جلانا، ڈرائیوروں کو شہید کرنا ٹرکوں پر حملے کر کے انہیں جلانا سمجھ سے بالاتر ہے جس کے خلاف ہم نے ہمیشہ آواز بلند کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہرنائی، شاہرگ، دکی، چمالنگ، قلات، منگچر، نوشکی میں آئے روز ٹرکوں پر حملہ اور انہیں جلایا جاتا ہے لیکن صوبائی حکومت نے کوئی نوٹس نہیں لیا ہے گورنر، وزیراعلیٰ، چیف سیکرٹری نے ٹرانسپورٹروں سے ملنا تک گوارا نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرکوں کو جلانے سے ہمیں کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے گزشتہ روز بھی ہرنائی و زیارت میں 4 ٹرکوں کو آگ لگا دی گئی سبی ڈویژن، لورالائی ڈویژن اور ژوب ڈویژن کے ٹرانسپورٹروں نے آج سے ہرنائی، شاہرگ، دکی، چمالنگ سے کوئلہ کی لوڈنگ بند کر دی ہے جبکہ 14 نومبر کو بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن قومی شاہراہ این 70 اور این 50 کو بطور احتجاج بند کریں گے اور کوئٹہ اسپین کاریز اور مچھ سے بھی کوئلہ لوڈنگ کو 16 نومبر سے بند کرنے کا اعلان کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے صوبے میں مکمل پہیہ جام ہڑتال کے حوالے سے تاجر برادری، زمینداروں، ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز کے نمائندوں کو اعتماد میں لیکر عنقریب ایک ہفتہ کے اندر ہڑتال کا اعلان کیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 12 NOV 2024 Page No. 18


## جولائی تا ستمبر بلوچستان نے وفاق کو 85 ارب روپے کا سرپلس بجٹ دیا

### اس دوران بلوچستان کی آمدن 168 ارب روپے اور اخراجات 83 ارب روپے رہے

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) وفاق نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں صوبوں کی معاشی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی، جس میں کہا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا نے ......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

بہترین معاشی کارکردگی دکھائی، وفاقی وزارت خزانہ کی رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا نے وفاق کو 103 ارب روپے کا سرپلس بجٹ دیا ہے، گزشتہ مالی سال جولائی تا ستمبر کے پی کا خسارہ 10 ارب روپے تھا، جب کہ آمدن 316 ارب اور اخراجات 212 ارب روپے رہے، وفاقی رپورٹ کے مطابق اس کے برعکس جولائی تا ستمبر پنجاب حکومت کا خسارہ 160 ارب روپے رہا۔

## ڈیوٹی نہ دینے اور غفلت برتنے پر آٹھ لیویز اہلکاروں کو معطل کر دیا

واشک/دالبندین (آن لائن) ڈپٹی کمشنر چاغی ڈاکٹر عتیق الرحمٰن شاہوانی نے ڈیوٹی نہ دینے اور غفلت برتنے پر آٹھ لیویز اہلکاروں کو لیویز 2015 ایکٹ کے تحت معطل کر دیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر چاغی نے اپنے ایک نوٹیفکیشن میں لیویز اہلکاروں کی جانب سے اپنی ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

فرائض پر غفلت برتنے اور ڈیوٹی نہ دینے کی بنا پر لیویز ایکٹ دو ہزار پندرہ کے تحت آٹھ اہلکاروں کو معطل کر دیا ڈپٹی کمشنر چاغی عتیق الرحمٰن شاہوانی نے مزید کہاں ہے تمام لیویز اہلکاروں کو سختی سے تنبیہ کی جاتی ہے کہ اپنے اپنے ڈیوٹی پر موجود رہے غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور ان کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی ہوگی اور غفلت برتنے والے اہلکاروں کی تنخواہیں اور پرموشن پر بھی بڑا اثر پڑیگا

## افسران کو عوامی معلومات فراہم اور انہیں ذمہ داریوں سے آگاہ کر رہے ہیں، شعیب صدیقی

تربیتی سیشن کا مقصد وفاقی افسران کو یہ شعور دینا ہے کہ وہ اپنی متعلقہ معلومات عوام کیلئے پہلے سے دستیاب رکھیں، چیف انفارمیشن کمیشن

**معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق، بلوچستان میں اس حق کے تحفظ کیلئے ایکٹ 2021 منظور کیا گیا ہے، صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان**

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں معلومات تک رسائی ایکٹ 2017ء کے تحت وفاقی اداروں میں تعینات پبلک انفارمیشن افسران (PIOs) کیلئے ایک جامع تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا اس تقریب کا اہتمام پاکستان انفارمیشن کمیشن، محکمہ اطلاعات بلوچستان اور سینٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹیوز (CPDI) کے تعاون سے کیا گیا' اس تربیتی سیشن کا مقصد پبلک انفارمیشن افسران کو معلومات تک رسائی ایکٹ کے ......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

تحت ان کے فرائض اور ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا تھا، تا کہ وہ عوام کے معلومات تک رسائی کے حق کو یقینی بنا سکیں تقریب میں پاکستان انفارمیشن کمیشن کے چیف انفارمیشن کمشنر شعیب احمد صدیقی، سیکرٹری اطلاعات عمران خان، ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ محمد نور کھیتران، اعجاز حسن اعوان اور پنجاب انفارمیشن کمیشن کے سابق انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ نے شرکت کی پاکستان انفارمیشن کمیشن کے چیف انفارمیشن کمشنر شعیب احمد صدیقی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ان کا کوئٹہ کا دورہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 19 اے کے تحت عوام کو معلومات کی فراہمی کے حق کو یقینی بنانے کی ایک کاوش ہے

## بلوچستان پولیس کے متعدد ایس پیز کے تبادلے کر دیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس کے متعدد ایس پیز کے تبادلے کر دیے گئے سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایس پی موسیٰ خیل خلیل اللہ کاکڑ کو سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ جبکہ ایس پی شیرانی اختر محمد اچکزئی کو ایس پی موسیٰ خیل ......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

اور تعیناتی کے منتظر محمد ہاشم کو ایس پی شیرانی تعینات کر دیا گیا۔

## جھل مگسی اور منگچر میں ہونیوالے الیکشن کے دوران امن وامان ہر صورت یقینی بنائینگے، کمشنر قلات

امیدواروں کے خدشات دور کئے جائیں گے جس کیلئے تمام سیاسی جماعتوں وقبائلی عمائدین کا تعاون درکار ہوگا' محمد نعیم خان بازئی

**عوام کو پولنگ سٹیشن پہنچانا آزاد ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے' سعید احمد لانگو کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو**

خضدار (خ ن) کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی نے کہا ہے کہ حلقہ پی بی 36 منگچر کے علاقہ جوہان میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں پولنگ ہر صورت یقینی بنائیں گے اس حوالے سے امن وامان کو حتمی شکل دیدی گئی تمام امیدواروں کے خدشات دور کئے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی یو آئی کے مرکزی رہنما، میر سعید احمد لانگو کی قیادت میں ملنے والے وفد سے ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ منگچر کے علاقہ جوہان میں ہونے والے الیکشن کے دوران امن وامان کی صورتحال ہر صورت یقینی بنائیں گے اس حوالے سے تمام سیاسی جماعتوں اور قبائلی عمائدین سے تعاون درکار ہوگا وفد میں مختلف پارٹیوں کے نمائندے شامل تھے وفد نے کمشنر قلات ڈویژن کو اپنے خدشات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ مخالف جماعت کی جانب سے ترقیاتی کام جاری ہیں جو الیکشن کمیشن آف پاکستان کے رول کے خلاف ہے اس کے علاوہ جوہان میں امن وامان کی صورتحال مخدوش ہے لہذا جوہان سے الیکشن کا انعقاد منگچر منتقل کیا جائے

## کوئٹہ ریلوے اسٹیشن واقعہ پر افسوس ہے، میر مراد بلوچ

**جرمنی اور بلوچستان کے درمیان شراکت داری متاثرین کی مدد کیلئے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے**

کوئٹہ (آن لائن) جرمنی کے قونصل جنرل ڈاکٹر روڈیگر لوٹز کی ہدایت پر بلوچستان کے اعزازی قونصل جنرل میر مراد بلوچ نے آج کوئٹہ کے ٹراما سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن دھماکے میں زخمی ہونے والوں کی عیادت کی اور ان کے لیے ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر میر مراد بلوچ نے جرمن قونصلیٹ کی جانب سے متاثرین اور ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ان کے خاندانوں سے اظہار یکجہتی اور تعزیت کا پیغام پہنچایا۔ انہوں نے اس افسوسناک واقعے سے متاثرہ افراد کے لیے گہری ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان مشکل لمحات میں قونصلیٹ کی جانب سے کمیونٹی کی مدد کے عزم کا اعادہ کیا۔ یہ اقدام جرمنی اور بلوچستان کے درمیان جاری شراکت داری اور باہمی تعلق کو اجاگر کرتا ہے اور تشدد کے متاثرین کی مدد اور خطے میں پائیدار امن و سلامتی کے لیے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 12 NOV 2024 Page No. 17

# سوشل ویلفیئر میں کرپشن کی نشاندہی پر ڈی جی کا تبادلہ، ہائیکورٹ میں درخواست دائر

سوشل ویلفیئر میں کرپشن اور غیر قانونی طور پر سوشل ویلفیئر کے ای جی کی ٹرانسفر پر شجاعت کھوسہ نے بلوچستان ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر دی

اینٹی کرپشن نے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا حکومت کی جانب سے ای جی سوشل ویلفیئر شجاعت کھوسہ کو غیر قانونی طور پر ٹرانسفر کیا گیا، درخواست گزار

کوئٹہ (آن لائن) سوشل ویلفیئر میں کرپشن اور غیر قانونی طور پر سوشل ویلفیئر کے ای جی کی ٹرانسفر پر شجاعت کھوسہ بلوچستان ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر دی، گزشتہ روز بلوچستان ہائیکورٹ کے سروس ٹربیونل میں وکیل شعیب مینگل نے کیس کی سماعت کی، سروس ٹربیونل نے حکومت بلوچستان سے کو ایک ہفتے کے اندر جواب طلبی کر لی وکیل شعیب مینگل نے کہا کہ سوشل ویلفیئر میں درخواست گزار ای جی شجاعت کھوسہ نے کرپشن بے نقاب کی جس پر اینٹی کرپشن نے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا جس پر حکومت کی جانب سے ای جی سوشل ویلفیئر شجاعت کھوسہ کو غیر قانونی طور پر ٹرانسفر کیا گیا انہوں نے کہا کہ درخواست گزار نے بلوچستان ہائیکورٹ کے سروس ٹربیونل سے رجوع کر لیا جس پر گزشتہ روز کیس کی سماعت کرتے ہوئے ہائی کورٹ نے بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

حکومت بلوچستان سے ایک ہفتے کے اندر جواب طلبی کر لی۔

# اسلام آباد ہائی کورٹ: ماہ رنگ بلوچ کا نام ای سی ایل سے نکالنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

ماہ رنگ بلوچ کے وکلا ایمان مزاری ایڈووکیٹ اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ عدالت میں پیش

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے بلوچ یکجہتی کمیٹی کی رہنما ماہ رنگ بلوچ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کی درخواست پر دلائل کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ ہائیکورٹ نے ماہ رنگ بلوچ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کی درخواست پر سماعت کی۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے سرکاری وکیل سے استفسار کیا کہ آپ کی کو بتاتے کیوں نہیں کہ ان بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

کا نام کسی نو فلائی لسٹ میں ہے،؟ روزانہ کتنے مقدمات درج ہوتے، سب پر یہی دفعات لگا دیتے ہیں؟ آپ نے کہاں لکھا ہے ماہ رنگ بلوچ کو آگاہ کیا ہے؟ اگر ماہ رنگ بلوچ کو پتا ہوتا تو وہ کبھی بھی ایئر پورٹ نہ جاتیں، مجھے یہ بتائیں جب ماہ رنگ بلوچ کو روکا گیا اس وقت انکا نام کس لسٹ میں تھا؟ انکی وکیل کا کہنا ہےاس وقت نام کسی لسٹ میں نہیں تھا۔ سرکاری وکیل نے جواب دیا کہ جب ماہ رنگ بلوچ کو روکا گیا اس وقت پروونشل نیشنل آئیڈنٹیفکیشن لسٹ (پی این آئی ایل) میں نام تھا، عارضی طور پر نام پی این آئی ایل میں ڈالا جاتا ہے اس کے بعد ای سی ایل میں ڈالا جاتا ہے۔ ماہ رنگ بلوچ کے وکلا ایمان مزاری ایڈووکیٹ اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ عدالت میں پیش ہوئے اور دلائل دیے کہ ماہ رنگ بلوچ نے ٹائمز گالا کے لیے نیو یارک جانا تھا، کراچی جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ماہ رنگ بلوچ کو 4 سے 5 گھنٹے تحویل میں رکھا گیا۔

Zamana Quetta

# گرین بسوں کی تعداد میں اضافہ، مزید 6 ہزار افراد کو سفری سہولتیں ملیں گی، کمشنر کوئٹہ

یک دم رکشوں کو ختم نہیں کر سکتے، اس کے لئے ضروری ہے کہ لوگوں کو ان کے متبادل ٹرانسپورٹ مہیا کی جائے

باہر سے رکشے درآمد کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، اگر کسی شوروم مالکان نے خلاف ورزی کی تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (یو این اے) کمشنر کوئٹہ واڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن حمزہ شفقات نے کہا ہے کوئٹہ شہر میں 30 ہزار سے زائد غیر قانونی رکشے چل رہے ہیں، غیر قانونی رکشوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، گرین بسوں کی تعداد میں اضافے سے مزید چھ ہزار افراد سفری سہولیات سے استفادہ کر سکیں گے جس سے شہر پر ٹریفک کا دباؤ مزید کم ہو گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا کمشنر کوئٹہ وایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن حمزہ شفقات نے کہا کہ شہر سے یک دم رکشوں کو ختم نہیں کر سکتے، اس کے لئے ضروری ہے کہ لوگوں کو ان کے متبادل ٹرانسپورٹ مہیا کی جائے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان گرین بسوں کی تعداد میں اضافہ کر رہی ہے، 8 گرین بسیں پہلے سے چل رہی ہیں، روزانہ کی بنیاد پر دس ہزار لوگ سفر کرتے ہیں، آئندہ چند مہینوں مزید پانچ بسیں آ رہی ہیں جس سے لگ بھگ چھ ہزار کے قریب لوگ مزید سفری سہولیات سے استفادہ کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ رکشوں کے شوروم مالکان کو ضلعی انتظامیہ نے نوٹس بھی دیا ہے، باہر سے رکشے درآمد کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، اگر کسی شوروم مالکان نے خلاف ورزی کی تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 12 NOV 2024 Page No. 2-6

# Empowering Levies Force

The Levies Force of Balochistan, a vital cog in the province's security apparatus, has long been recognized for its unwavering commitment to safeguarding the region's peace and stability. Given the particular conflict-sensitive situation in the province, it is essential to provide the Levies Force with the required training, tools, and skills to carry out their responsibilities. Strengthening their competencies not only increases their operating efficiency, but also assures that they can respond quickly and effectively to any security risks within the province. To fully harness its potential and ensure its effectiveness in the face of evolving security challenges, it is imperative to invest in the force's administrative capabilities. By empowering the Levies Force with enhanced administrative skills, it could be equipped to better serve and protect the communities they are entrusted to safeguard. The Levies Force, with its deep-rooted connection to local communities, plays a crucial role in maintaining law and order in remote and often inaccessible areas. However, their operational efficiency can be significantly improved through comprehensive training programs that focus on administrative skills such as record-keeping, report writing, and investigation techniques. By equipping the force with these essential tools, we can streamline their processes, enhance their decision-making abilities, and ultimately improve their overall performance. Moreover, investing in the administrative capacity of the Levies Force will contribute to greater transparency and accountability within the organization. By implementing robust administrative systems, the force can ensure that its operations are conducted ethically and in accordance with the law. This will not only enhance public trust but also deter corruption and misconduct within the ranks. Moreover, by empowering the Levies Force with administrative skills, we can position them to play a more active role in community development initiatives. With a better understanding of local needs and challenges, the force can collaborate with civil society organizations and government agencies to address issues such as education, healthcare, and infrastructure development. This proactive approach will not only strengthen the bond between the force and the communities they serve but also contribute to the overall progress and prosperity of the region. Empowering the Levies Force with enhanced administrative skills is a strategic imperative that will have a profound impact on Balochistan's security and development. By investing in their training, equipping them with modern tools, and fostering a culture of professionalism, we can ensure that the force remains a formidable force for good, capable of addressing the complex challenges of the 21st century.

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ڈائریکٹوریٹ جنرل تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 12 NOV 2024

Page No

# دہشت گردی کا ناسور اور ہماری ذمہ داریاں

تحریر: ناصر شاہوانی

9 نومبر کی صبح بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ ایک اندوہناک سانحے سے دوچار ہوا جب ریلوے اسٹیشن پر دل دہلا دینے والے دھماکے نے پوری فضا کو دہشت اور غم سے بھر دیا۔ اس خودکش حملے میں 27 افراد شہید اور 50 سے زائد زخمی ہوئے۔ اللہ پاک شہدا کے درجات بلند فرمائے اور زخمیوں کو جلد صحت یاب کرے، آمین۔ بدقسمتی سے ہمارے حکمران اس سانحے پر روایتی بیانات کے علاوہ کوئی مؤثر قدم نہیں اٹھا رہے۔ بلوچستان کئی دہائیوں سے دہشت گردی کی آگ میں جل رہا ہے۔ صرف گزشتہ دو ماہ میں 200 سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں، اور عوام مسلسل عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ حالیہ دنوں میں مستونگ کے قریب ایک اسکول کے پاس دھماکہ ہوا تھا جس میں 7 بچوں سمیت متعدد افراد شہید و زخمی ہوئے۔ یہ حالات اہل خانہ کے لیے ناقابل بیان غم و اندوہ کا سبب بن رہے ہیں، اور ان کا دکھ عارضی افسوس کے بجائے سنجیدہ توجہ کا متقاضی ہے۔ اس سانحے نے کئی سنجیدہ سوالات اٹھائے ہیں۔ دہشت گردی کے یہ واقعات ہم سے بحیثیت قوم یکجہتی کا تقاضا کرتے ہیں ان حالات میں ہم حکومت اور انتظامیہ کا ساتھ دیتے ہوئے قیام امن کو یقینی بنانے اور دہشت گردی کے ناسور کی مکمل بیخ کنی کے لئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کا بھرپور ساتھ دینا چاہیے۔ اس وقت بلوچستان کی صورتحال پر آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کر کے جامع حکمت عملی اپنائی جائے۔ حکومت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ وقتی اقدامات سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ صوبے میں بے روزگاری کے باعث نوجوان مایوس ہیں اور برین واشنگ کے ذریعے شدت پسندوں کی طرف مائل ہو رہے ہیں۔ اگر نوجوانوں کو مناسب تعلیم، روزگار اور موقع نہیں ملے گا تو کل کو یہ مسائل مزید بڑھ سکتے ہیں۔ یہ وقت ہے کہ حکمران زمینی حقائق کا سامنا کریں، نوجوانوں کو تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کریں، اور صوبے میں حقیقی امن و استحکام لانے کے لئے پہلے سے بڑھ کر اقدامات اٹھائے جائیں۔

CamScanner

# CM, interior minister visit hospital

QUETTA. Federal Interior Minister Mohsin Naqvi and Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti visited Civil Hospital Quetta to inquire about the health of those injured in the railway station blast. Interior Minister and Chief Minister Bugti individually met each of the injured person, inquired about their well-being, and prayed for their swift recovery. Mohsin Naqvi also received updates from doctors. Interior Minister and Balochistan Chief Minister appreciated the high morale of the injured. Chief Minister Bugti directed the immediate transfer of a critically injured person to Karachi and instructed doctors to ensure the best possible treatment for the injured. While speaking with the injured, Mohsin Naqvi reassured them, "The nation stands with you, and we pray for your speedy recovery. No expense will be spared for your treatment." APP

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 6

Dated 12 NOV 2024 Page No.

# دہشتگرد عناصر کی تخریب کاری اور بلوچ عوام

**نصرت جاوید**

ریاست کے حامی عناصر اور اداروں ہی کو نہیں بلکہ پاکستان کے دوستوں کو بھی بلوچ نوجوانوں کے جذبات سے آگاہ کرنے کی کوشش میں کئی برسوں تک ہراس کرتا رہا ہوں۔ معاملات مگر اب گھر میں بیٹھ کر لکھنے کی روایت کرنے والوں کی خیالی دنیا سے قطعاً مختلف ہو چکے ہیں۔ ہفتے کی صبح کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر خودکش دھماکہ ہوا۔ اس کی ذمہ داری بی ایل اے کے مجید بریگیڈ نے اپنے سر لے لی ہے۔ دعویٰ کیا ہے کہ نشانہ اس کا ریاست کے تحفظ کے لیے تیار کیے چند اہلکار تھے۔ بارود کی مار مگر بے پناہ ہے تو نشانہ اسے پھاڑنے والوں کے ہدف تک ہی محدود نہیں رہتا۔ اتوار کی صبح آئے اخبارات میں 26 شہادتوں کا ذکر ہے۔ 60 کے قریب زخمیوں کی حالت بھی تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ دہشت گردی کی اس ہولناک واردات کا حتمی نشانہ بالآخر عام شہری ہی ثابت ہوں گے جو روزمرہ زندگی کے تقاضوں کے سبب دھماکے کے وقت ریلوے اسٹیشن پر موجود تھے۔

ایسی ہولناک وارداتوں کی سینہ پھلا کر ذمہ داری قبول کرنے والوں کو یہ بات ہرگز سمجھ نہیں آئے گی کہ عام بلوچوں نے اپنے 'احساس محرومی' کو اداسی کی لہر میں بدلنے کے بعد دہشت گردی کے جس چلن کا انہوں نے انتخاب کیا ہے وہ ریاست کو جھکانے کے بجائے مزید سخت گیر اقدامات کرنے کے جواز فراہم کر رہا ہے۔ مجھ جیسے قلم گھسیٹ بلوچستان میں دہشت گردی کو کسی 'تناظر' میں رکھ کر بیان کرنے کی کوشش کریں گے تو نفرت وحقارت سے 'دہشت گردوں کے سہولت کار' تصور کیے جائیں گے۔ دنیا بھر میں 'اپنے حقوق' کے لیے جدوجہد کرنے والے گروہوں کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ ان کی مشکلات معاشرے کے وسیع تر طبقے اور خاص طور پر وہ گروہ جو ریاستی پالیسیاں تشکیل دینے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں ہمدردی کے احساس کے ساتھ سمجھنے کی کوشش کریں۔ روزگار کے لیے بلوچستان گئے غریب مزدوروں کا بسوں سے اتار کر وحشیانہ قتل مگر 'حقوق' کے لیے جدوجہد کرنے والوں کو مظلوم کے بجائے ظالم بنا کر پیش کرتا ہے۔ معاملہ یہ صورت اختیار کر لے تو ریاست اپنے 'شہریوں' کے جان ومال کے تحفظ کے نام پر کسی بھی انتہا تک جانے کو آزاد ہو جاتی ہے۔ آنے والے دنوں میں لہٰذا بلوچ نوجوانوں کی ایک بڑی کھیپ 'مسنگ' شمار ہو سکتی ہے۔

کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر خودکش دھماکے سے قبل ہی پارلیمان سے تقاضا ہو رہا تھا کہ وہ ریاست کے اداروں کو ایسے افراد کم از کم 3 ماہ تک گرفتار کرنے کا حق فراہم کر دے جو مبینہ طور پر دہشت گردوں کے ممکنہ سہولت کار ہو سکتے ہیں۔ سیاسی جماعتوں میں سے فقط مولانا فضل الرحمٰن کی جمعیت علمائے اسلام نے اس کے خلاف دہائی مچائی۔ انسانی حقوق کا تحفظ یقینی بنانے والی تنظیمیں وطن عزیز میں 'غیر ملکی سرمایہ پر چلائی این جی اوز' ٹھہرائی جا چکی ہیں۔ ان کا اثر ورسوخ حالیہ برسوں میں کمزور سے کمزور تر ہوا ہے۔ ہفتے کے روز جو کوئٹہ کے ریلوے اسٹیشن پر واقعہ ہوا ہے اگرچہ وہ حکومت کو مذکورہ حق فراہم کرنے میں آسانیاں پیدا کرے گا۔

اس واقعہ کی ذمہ داری لینے والے اگرچہ مجھ جیسے سادہ لوح کو یہ بتانے کی کوشش کریں گے کہ دہشت گردی کے واقعات سے مشتعل ہوئی ریاست کے جارحانہ اقدامات ان کے لیے 'فدائی رضاکاروں' کی نئی کھیپ تیار کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ دہشت ودہشت کا دائرے میں ہوا سفر ہے جو پہلے چکر ہی سے خوف ناک سے خوفناک ہوتا چلا جاتا ہے۔ 'فدائی رضاکاروں' کے منتظر افراد ابھی تک دریافت نہیں کر پائے ہیں کہ عام بلوچ گھرانے اب ریاست ہی نہیں بلکہ ان سے بھی خوف کھانا شروع ہو گئے ہیں۔ کئی نوجوان لڑکوں بلکہ لڑکیوں کے والدین بھی اگر معاشی طور پر برداشت کر سکتے ہیں تو گزشتہ کئی مہینوں سے اس کاوش میں مبتلا نظر آئے کہ ان کے بچے اور بچیاں بلوچستان سے کہیں دور کسی شہر میں جا کر تعلیم حاصل کریں اور اگر ممکن ہو تو بالآخر وہیں مستقل آبادی کی راہیں بھی تلاش کریں۔ بلوچستان میں رہتے ہوئے 'اپنے کام سے کام رکھنے' کی گنجائش باقی نہیں رہی اور یہ کالم میں بے شمار ٹھوس واقعات بطور رپورٹر سننے کے بعد کر رہا ہوں۔

خودکش دھماکے دہشت گردی کا ایک معروف حربہ ہیں۔ اسے کئی برسوں تک سری لنکا کے تامل انتہا پسندوں نے کلیدی ہتھیار کی طرح استعمال کیا۔ مذکورہ حربے نے مگر سری لنکا کی ریاست کو جھکانے کے بجائے وہاں کی سنہالی اکثریت کو انتہا پسند بنا دیا۔ انہوں نے ایسے سیاسی رہنماؤں کو کامل اختیار عطا کیا جو تامل نسل وزبان ہی ختم کرنے کا عہد باندھتے تھے۔ تامل انتہا پسندی کا اس کے طفیل خاتمہ تو ہو گیا مگر اسے ختم کرتے ہوئے سری لنکا کی ریاست بھی دیوالیہ ہو گئی۔ آج سنہالی اور تامل افراد روز کی روٹی روزی کمانے کی فکر میں یکجا ہو چکے ہیں۔ بلوچ انتہا پسند اگرچہ فی الوقت اپنے ہی معاشرے اور اس کی معاشی زندگی کے لیے 'خودکش' بنے ہوئے ہیں۔ ٹرینوں اور بسوں پر حملے جاری رہے تو بلوچستان میں دیگر علاقوں سے ہنرمند آنا ترک کر دیں گے۔ ہنرمند اور دیہاڑی دار مزدوروں کی عدم موجودگی سے بلوچ علاقوں میں متوسط طبقہ کمزور سے کمزور تر ہو گا۔ درمیانے درجے کے کاروباری افراد بھی معدوم ہو جائیں گے۔ 'عظیم تر معاشی منصوبوں' کو مگر اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ ریاست اپنی بھرپور قوت ووسائل کے استعمال سے انہیں جاری رکھنے کے لیے 'سکیورٹی کوریڈورز' (جنہیں محفوظ سڑکیں بھی کہا جا سکتا ہے) تشکیل دینے پر توجہ مرکوز رکھے گی اور بتدریج بلوچ معاشی دھارے سے کاملاً جدا ہو سکتے ہیں۔ دہائیوں سے ریاست اور انتہا پسندوں کے مابین جھگڑوں کے دائروں میں مقید ہوئے بلوچ عوام کی بے پناہ اکثریت رحم کی مستحق ہے۔ ان کے 'اپنے' ہی مگر اب انہیں چین سے زندہ رہنے نہیں دے رہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated 12 NOV 2024

Page No. 2-7

# بلوچستان کا پہلا محسن




دہشت گردوں نے کوئٹہ کو لہو سے نہلا دیا تو دل کو کہانیاں یاد سی آ کے رہ گئیں۔

کیا آپ اس شخص کا نام جانتے ہیں جس نے بلوچستان کے حقوق کے لیے سب سے پہلے آواز اٹھائی؟ اس شخص کا نام محمد علی جناح تھا، قائد اعظم محمد علی جناح۔ یہ وہ وقت تھا جب ایجنٹ گورنر جنرل رابرٹ سنڈیمن بلوچستان آیا تو وہاں کے سرداروں نے اس کی بگھی سے گھوڑے الگ کیے اور ان کی جگہ خود جت گئے اور ریلوے سٹیشن سے ریذیڈنسی تک بگھی کھینچتے ہوئے لے گئے۔ ایک قائد اعظم تھے جو اس وقت بلوچستان کے حقوق کی بات کر رہے تھے، باقی تو انگریز کی بگھی میں جتے ہوئے تھے۔

قائد اعظم کے 14 نکات تو آپ ہم سب نے پڑھے ہوں گے لیکن کیا کبھی ہم نے غور کیا کہ اس میں لکھے اس نکتے کا کیا مطلب تھا کہ" بلوچستان میں آئینی اصلاحات نافذ کر کے اسے دوسرے صوبوں کے برابر درجہ دیا جائے"؟

بلوچستان کے حقوق کی بات قائد اعظم کا دیرینہ مطالبہ تھا۔ مارچ 1927 میں ہندو مسلم اتحاد کے لیے جو پانچ نکاتی فارمولا مسلم لیگ نے پیش کیا اس کا دوسرا نکتہ ہی بلوچستان سے متعلق تھا اور لکھا تھا کہ بلوچستان میں آئینی اصلاحات نافذ کی جائیں، یہ سرزمین بے آئین نہیں رہنا چاہیے۔ اس کا حق ہے کہ اسے دوسرے صوبوں کی طرح حقوق دیے جائیں۔ دسمبر 1928 میں آل پارٹیز مسلم کانفرنس میں بھی یہی مطالبہ شامل کیا گیا اور پھر قائد اعظم نے اپنے چودہ نکات میں بھی اسی مطالبے کو شامل کیا۔

قائد اعظم کو یہ مطالبہ کیوں کرنا پڑا؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ بلوچستان میں قدیم قانون کا ظالمانہ نظام نافذ تھا۔ جہاں کسی انسان کی کوئی حیثیت نہ تھی۔ بس نواب اور وڈیرے تھے اور انگریز سرکار ان کی سرپرست تھی، اس سرپرستی کی وجہ سے انہیں آزادی تھی کہ جنگل کے بادشاہ بن کر رہیں۔ حالت یہ تھی کہ قلات کے والی میر خداداد خان نے ایجنٹ گورنر جنرل رابرٹ سنڈیمن کے سامنے یہ بات تسلیم کی تھی کہ وہ اب تک 3500 عورتوں اور مردوں کو قتل کر چکا ہے۔ والیان ریاست کو صرف انگریز کا وفادار بن کر رہنا ہوتا تھا۔ اس کے بدلے انہیں ہر طرح کے ظلم و ستم کی کھلی اجازت تھی۔

یہ سرداری نظام بھی بلوچستان میں اسی ایجنٹ گورنر جنرل رابرٹ سنڈیمن نے مسلط کیا تھا۔ یہ انگریزوں کے مفاد کا تقاضا تھا۔ چنانچہ باقی صوبوں میں 1909 اور پھر 1919 میں اصلاحات نافذ کی گئیں لیکن بلوچستان میں ان کی ضرورت محسوس نہ کی گئی۔ کیونکہ روس کے خلاف جنگی حکمت عملی کے تحت یہاں ایک خاص طرز کا نظام حکومت درکار تھا۔ انگریز کی وفاداری واحد شرط تھی اور اس کے بدلے میں سرداروں وڈیروں کو آزادی تھی، وہ معاشرے کو جنگل سمجھ کر معاملہ کریں۔ روس کے سامنے یہ انگریزوں کا بفر زون تھا۔ اس بفر زون کے نواب، خان اور وڈیرے انگریز کے مہرے تھے۔ یہاں کسی انسان کو کوئی حقوق دستیاب نہ تھے۔

سب سے بڑی ریاست قلات کا احوال ہی دیکھ لیجیے۔ 1839 سے یہاں کا ہر نواب ہر خان انگریز کی مرضی سے حاکم بنا اور اسی کی خوشنودی سے حکومت کرتا رہا۔ شاہ نواز کو خان آف قلات کس نے بنایا؟ الگزینڈر برنز اور تھامس ولشائر نے۔ یہ الگ بات کہ خان صاحب کی خانی کا دورانیہ ایک سال ہی رہا اور 1840 میں کرنل سٹیسی کی تجویز پر میر شاہ نواز کو ہٹا کر میر نصیر خان دوئم کو خان آف قلات بنا دیا گیا۔ گدی نشینی کی رسم بھی انگریز افسر میجر جیمز اوٹرام نے ادا کی۔

اسے زہر دے کر مار دیا گیا تو انگریز ہی نے میر خداداد خان کو والی قلات بنا دیا۔ کچھ عرصے بعد انگریز نے اسے ہٹا کر شیر دل کو خان آف قلات بنا دیا۔ پھر تھوڑا وقت گزرا شیر دل کو ہٹا کر دوبارہ میر خداداد خان کو والی قلات کے منصب پر بٹھا دیا۔ 1893 میں اسے بھی ہٹا دیا گیا اور میر محمود خان کو والی قلات بنا دیا گیا۔

والیان قلات کو لانے اور اتارنے کی یہ لمبی کہانی ہے۔ اس طرز حکومت کا خلاصہ یہ ہے کہ 14 اگست کو جب پاکستان بنا تو قلات کی ریاست میں ایک بھی ہائی سکول موجود نہ تھا۔ خانوں اور وڈیروں کی اولادیں باہر جا کر پڑھ آتی تھیں لیکن عوام کو اس سے دور رکھا گیا۔ جو آخری خان آف قلات تھا، اس کی حریت فکر کا عالم یہ تھا کہ وہ 1933 میں چاغی لیویز فورس میں ایڈجوٹنٹ کے طور پر انگریز کی نوکری کرتا رہا۔ انگریز نے ہی اسے والی قلات بنایا۔

اس ماحول میں ایک قائد اعظم تھے جو بلوچستان کے عام آدمی کے حقوق کی بات کر رہے تھے۔ 5 جولائی 1943 میں کوئٹہ میں تقریر کرتے ہوئے قائد اعظم نے کہا: "ہم نے بلوچستان کو کبھی فراموش نہیں کیا۔ ہم نے جو چودہ نکات مرتب کیے تھے ان میں سے ایک نکتہ یہ تھا کہ بلوچستان میں وہی آئین دیا جائے جو دوسرے صوبوں میں رائج ہے۔ تم لوگوں نے کوئی ترقی نہیں کی۔ میں نوابوں اور سرداروں سے کہتا ہوں دنیا تبدیل ہو رہی ہے تم لوگ بھی خود کو بدلو۔ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرو۔ اپنی قوم اور اپنے عوام کے بارے میں اپنا فرض پہچانو"۔

6 جولائی کو کوئٹہ میں ہی خطاب کرتے ہوئے قائد اعظم نے کہا: "تمہارا صوبہ ہر لحاظ سے پیچھے ہے۔ تم نے کوئی ترقی نہیں کی۔ تعلیمی لحاظ سے تم سب سے پیچھے ہو۔ معاشی اعتبار سے یہاں غربت انتہا کو پہنچی ہوئی ہے۔ تجارت میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ نوجوانو! اب جاگ جاؤ، اس موقع سے فائدہ اٹھاؤ۔ اپنے عوام کی قومی زندگی کی تعمیر کرو۔ ان کا تعلیمی، معاشی، معاشرتی اور سیاسی معیار بلند کرو۔ جب تک تم تعلیم حاصل کر رہے ہو سیاسیات میں حصہ مت لو۔ اپنی پوری توجہ تعلیم پر صرف کرو۔ یہ تمہارا اولین فرض ہے جو تمہارے والدین اور تمہاری قوم کی طرف سے تم پر عائد ہے۔"

آپ تصور کیجیے، پاکستان ابھی بنا نہیں، تحریک چل رہی ہے، اور تحریک میں نوجوانوں کی ضرورت ہوتی ہے لیکن بلوچستان کے طلبا کو قائد اعظم کہہ رہے ہیں کہ جب تک تم تعلیم حاصل کر رہے ہو سیاسیات میں حصہ مت لو۔ اپنی پوری توجہ تعلیم پر صرف کرو۔ یہ تمہارا اولین فرض ہے جو تمہارے والدین اور تمہاری قوم کی طرف سے تم پر عائد ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ایک صوبے کے لیے خیر خواہی کے سوا اس کو کیا نام دیا جا سکتا ہے۔

بلوچستان آج ایک بار پر دوراہے پر ہے۔ اطراف میں تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔ سی پیک کے امکانات بھی ہیں اور پاکستان دشمن پراکسی بھی چل رہی ہے۔ بلوچستان کو آج پھر قائد اعظم پکار پکار کر کہہ رہے ہیں: "تمہارا صوبہ ہر لحاظ سے پیچھے ہے۔ تم نے کوئی ترقی نہیں کی۔ تعلیمی لحاظ سے تم سب سے پیچھے ہو۔ معاشی اعتبار سے یہاں غربت انتہا کو پہنچی ہوئی ہے۔ تجارت میں کوئی کوئی جگہ نہیں ہے۔ نوجوانو! اب جاگ جاؤ، اس موقع سے فائدہ اٹھاؤ۔ دہشت گردی کی نفی کرتے ہوئے اپنے عوام کی قومی زندگی کی تعمیر کرو۔"



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان فراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں ریلوے اسٹیشن بم دھماکے کے شہداء کیلئے دعا کی جارہی ہے

CS CamScanner